ANNEX -'A'

## AS REPORTED BY THE STANTING COMMITTEE

**A**

**BILL**

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 51 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 51,-

(a) in clause (1), for the words "thirty-six", the word "forty-four" shall be substituted; and

(b) in clause (3), in the table.-

(i) after third column, the following fourth column titled "Disabled Persons" shall be inserted and thereafter against the entries in first column relating to Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, Punjab and Sindh, in the fourth column, the figure "2" respectively shall be inserted; and

(ii) in first column for the entry relating to "Total" in the fourth and the fifth columns. the figures "8" and "334" respectively shall be inserted and thereafter following Explanation shall be added, namely:-

"*Explanation.*- For the seats reserved for Disabled Persons, the one Disabled Person shall belong to Urban Area and one to the Rural Area of the Province which shall be determined on the basis of place of birth entered in the Birth Certificate and shall be mentally sound.".

3. **Amendment of Article 59 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, in Article 59,-

(a) in clause (1),-

(i) for the word "ninety-six" the word "one hundred" shall be substituted;

(ii) in paragraph (e), the word "and" at the end shall be omitted;

(iii) in paragraph (f), for the full stop at the end, the semicolon and word

"; and" shall be substituted; and

(iv) after paragraph (f), as amended aforesaid, the following paragraph (g) shall be added, namely :-

"(g) four disabled persons, who shall be mentally sound and graduated in any discipline of education, shall be elected by the members of each Provincial Assembly; and

(b) in clause (3),-

(i) in paragraph (e), the word "and" shall be omitted;

(ii) in paragraph (f), for the full stop at the end, the semicolon and word"; and" shall be substituted; and

(iii) after paragraph (f), as amended aforesaid, the following paragraph (g) shall be added, namely :-

"(g) of the members referred to in paragraph (g) of the aforesaid clause, two shall retire after the expiration of first three years and two shall retire after the expiration of next three years :

Provided that the Election Commission for the first term of seats for disabled person shall draw a lot as to which two members shall retire after the first three years.".

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Presently the Majlis-e-Shoora (Parliament) is representing the all segments of our society except representation from disabled persons and due to which the voice of disabled persons is not suitably raised about the problems and other social constraints being faced by them. Therefore, it is necessary and expedient to provide for representation of disabled persons in the Senate and National Assembly.

2. The Bill seeks to achieve the above-said objective.

**Sd/-**
**MS. KISHWER ZEHRA,**
Member, National Assembly

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2021 (Article 51 & 59)] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 10th May, 2022.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Usman Ibrahim | Member |
| 3. | Mr. Mohsin Nawaz Ranjha | Member |
| 4. | Ms. Mehnaz Akbar Aziz | Member |
| 5. | Shaikh Rohale Asghar | Member |
| 6. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 7. | Ms. Nafisa Shah | Member |
| 8. | Mr. Qadir Khan Mandokhail | Member |
| 9. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 10. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 11. | Ms. Kishwer Zehra | Member |
| 12. | Mr. Junaid Akbar | Member |
| 13. | Malik Umer Aslam Khan | Member |
| 14. | Dr. Muhammad Afzal Khan Dhandla | Member |
| 15. | Mr. Riaz Fatyana | Member |
| 16. | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| 17. | Mr. Atta Ullah | Member |
| 18. | Dr. Ramesh Kumar Vankwani | Member |
| 19. | Mr. Lal Chand | Member |
| 20. | Ms. Shunila Ruth | Member |
| 21. | Mr. Azam Nazeer Tarar<br>Minister for Law and Justice | Ex-officio |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **(Annex-A)**, in its meeting held on 29th August 2022 and recommended that the Bill as introduced may not be passed by the Assembly.

Sd/-
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, 13th September, 2022

Sd/-
**(Ch. Mehmood Bashir Virk)**
Chairman

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور(ترمیمی)بل،۲۰۲۱ءپر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں،چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۱۰رمئی،۲۰۲۲ءکو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل[دستور(ترمیمی)بل،۲۰۲۱ء(آرٹیکل ۵۱اور ۵۹)](نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **چوہدری محمود بشیر ورک** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب عثمان ابراہیم | رکن |
| ۳۔ | جناب محسن نواز رانجھا | رکن |
| ۴۔ | محترمہ مہناز اکبر عزیز | رکن |
| ۵۔ | شیخ روحیل اصغر | رکن |
| ۶۔ | محترمہ زہرا ودود فاطمی | رکن |
| ۷۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۸۔ | جناب قادر خان مندوخیل | رکن |
| ۹۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ کشور زہرا | رکن |
| ۱۲۔ | جناب جنید اکبر | رکن |
| ۱۳۔ | ملک عمر اسلم خان | رکن |
| ۱۴۔ | ڈاکٹر محمد افضل خان ڈھانڈلہ | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ریاض فتیانہ | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عطاء اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | ڈاکٹر رمیش کمار وینکوانی | رکن |
| ۱۹۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۲۱۔ | جناب اعظم نذیر تارڑ<br>وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۹راگست،۲۰۲۲ءکو منعقدہ اپنے اجلاس میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل(منسلکہ۔الف)پر غور کیا اور سفارش کی کہ اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد،۱۳ر ستمبر،۲۰۲۲ء

دستخط۔
(چوہدری محمود بشیر ورک)
چیئرمین

منسلکہ - الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۱ کی ترمیم:۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور جس کا بعد ازیں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں، آرٹیکل ۵۱ میں،۔

(الف) شق (۱) میں، لفظ "چھتیس" کو لفظ "چوالیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(ب) شق (۳) میں، جدول میں،۔

(i) تیسرے کالم کے بعد "معذور افراد" کے عنوان سے حسب ذیل چوتھا کالم شامل کر دیا جائے گا اور پہلے کالم میں بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ سے متعلق اندراجات کے مقابل چوتھے کالم میں، علی الترتیب ہندسہ "۲" شامل کر دیا جائے گا؛ نیز

(ii) پہلے کالم میں چوتھے اور پانچویں کالموں میں، "میزان" سے متعلق اندراج کے لیے علی الترتیب ہندسے "۸" اور "۳۴۴" شامل کر دیئے جائیں گے اور بعد ازاں حسب ذیل تشریح کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"تشریح:۔ معذور افراد کے لیے مختص نشستوں کے لیے، ایک معذور فرد کا تعلق صوبہ کے شہری علاقہ سے اور ایک کا دیہی علاقہ سے ہوگا جس کا تعین اس کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں درج پیدائش کے مقام کی بنیاد پر کیا جائے گا اور وہ دماغی طور پر صحت مند ہوگا"۔

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ کی ترمیم:۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۵۹ میں،۔

(الف) شق (۱) میں،۔

(i) لفظ "چھیانوے" کو الفاظ "ایک سو" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ii) پیرا (ہ) میں، آخر میں آنے والے لفظ "اور" کو حذف کر دیا جائے گا؛

(iii) پیرا (و) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو، نیم شرحہ اور لفظ "؛ اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(iv) بالا ترمیم شدہ پیرا (و) کے بعد، حسب ذیل پیرا (ز) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ز) چار معذور افراد جو دماغی طور پر صحت مند ہوں اور تعلیم کے کسی شعبے میں گریجویٹ ہوں، کو ہر ایک صوبائی اسمبلی کے اراکین کی جانب سے منتخب کیا جائے گا؛ نیز

(ب) شق(۳) میں۔

(i) پیرا(ہ) میں، لفظ "اور" کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ii) پیرا(و) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو نیم شرحہ اور لفظ "؛اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(iii) بالا ترمیم شدہ پیرا(و) کے بعد، حسب ذیل پیرا(ز) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ز) مذکورہ بالا شق کے پیرا(ز) میں بیان کردہ اراکین میں سے، دو اراکین، پہلے تین سال کے ختم ہونے کے بعد ریٹائر ہو جائیں گے اور دو اگلے تین سال ختم ہونے کے بعد ریٹائر ہو جائیں گے؛

مگر شرط یہ ہے کہ الیکشن کمیشن معذور افراد کے لیے نشستوں کے پہلے مرحلہ میں ایک قرعہ اندازی کرے گا کہ کون سے دو اراکین پہلے تین سالوں کے بعد ریٹائر ہوں گے۔"۔

## بیان اغراض ووجوہ

اس وقت مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) معذور افراد کے علاوہ ہمارے معاشرے کے تمام شعبوں کی نمائندگی کر رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ معذور افراد کو درپیش مسائل اور دیگر سماجی مشکلات کے بارے میں ان کی مؤثر شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ لہذا یہ ضروری اور قرین مصلحت ہے کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں معذور افراد کی نمائندگی کے لئے احکام وضع کئے جائیں۔

۲۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
محترمہ کشور زہرا
رکن، قومی اسمبلی